سوال

(489) بزرگوں کا مروجہ پیار دینے کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اللہ تعالیٰ آپ سے راضی ہوں ۔ ۔ اس سلسلے میں آپ کی راہنمائی درکار تھی کہ کسی نا محرم لیکن بزرگ مرد یا خاتون کا جوان مرد یا عورت کے سر یا کندھے پر ہاتھ پھیر کر دعا دینا کیسا ہے ؟ عرف عام میں پنجابی معاشروں میں جسے پیار دینا کہا جاتا ہے ۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

یہ طریقہ کار شرعا ناجائز اور حرام ہے ، کیونکہ غیر محرم خواہ بوڑھا ہی کیوں نہ ہو غیر محرم ہی ہوتا ہے ، اور شرعاً اس سے نکاح ہو سکتا ہے ۔ لہذا مروجہ پیار دینے کی بجائے ایک دوسرے کو سلام کہنے کی عادت اپنانی چاہیئے ، جس میں ثواب بھی ہے اور پیار بھی ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1